# SCRIE/DRIE گھرانے کی آمدنی کی ورک شیٹ
# (اپنے گھرانے کی آمدنی کا تخمینہ کیسے لگایا جائے)

منسلک ورک شیٹ کو درخواست فائل کرنے سے فوری قبل کے کیلنڈر سال کے لیے اپنے گھرانے کی کل سالانہ آمدنی کا اندازہ لگانے کے لیے استعمال کریں۔ گھرانے کے ہر فرد کے لیے آمدنی کا سیکشن مکمل کریں۔ اگر گھرانے کے دو سے زیادہ اضافی افراد آپ کے ساتھ رہائش پذیر ہوں، تو ایک علیحدہ شیٹ پر ان کی معلومات درج کریں اور اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

اس سے قبل کہ آپ آغاز کریں، آپ کو:

- اپنے اور گھرانے کے اضافی افراد کے لیے یہ درخواست فائل کرنے سے فوراً قبل کے کیلنڈر سال کی آمدنی کی تمام دستاویزات اکٹھی کریں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ 2020 میں درخواست فائل کر رہے ہیں، تو ہمیں آپ کی 2019 کی آمدنی درکار ہو گی۔ آپ کو یہ آمدنی ورک شیٹ کی لائن 1-15 میں رپورٹ کرنے اور درخواست فائل کرتے ہوئے دستاویزات فراہم کرنے کی ضرورت پڑے گی۔
- موصول ہونے والی کل رقم آمدنی کی ورک شیٹ میں مطابقت رکھنے والی آمدنی کی قسم کے لیے مہیا کردہ خانوں میں درج کریں۔

**آمدنی کے ذرائع:**

**لائن 1 – سوشل سیکیورٹی کے وظائف (SSA)**
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے سوشل سیکیورٹی انتظامیہ سے وصول کردہ ریٹائرمنٹ یا پسماندہ کے کسی وظائف کی کل جملہ رقم درج کریں۔ *SSA فارم 1099، IRS فارم 1040 سے رجوع کریں۔ Medicare/Medicaid کے تحت طبی اخراجات کی باز ادائیگیاں شامل نہ کریں۔*

**لائن 2 – سوشل سیکیورٹی معذوری کی انشورنس (SSDI)**
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے وصول کردہ سوشل سیکیورٹی معذوری کی آمدنی (SSDI) درج کریں۔ *موصول شدہ وظائف کے لیے وظیفے کے تمام ایوارڈ خطوط سے رجوع کریں۔*

**لائن 3 – ضمنی سیکیورٹی انشورنس (SSI)**
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے وصول کردہ ضمنی سیکیورٹی آمدنی (SSI) درج کریں۔ *موصول شدہ وظائف کے لیے وظیفے کے تمام ایوارڈ خطوط سے رجوع کریں۔*

**لائن 4 – امور پینشن یافتگان (VA) معذوری کی پینشن یا معذوری کی زر تلافی کے وظائف**
اپنے اور گھرانے کے ان تمام افراد کے لیے تمام وظائف کی کل جملہ رقم درج کریں جنہوں نے امریکی محکمہ برائے امور پینشن یافتگان سے VA وظائف وصول کیے۔ محکمہ برائے امور پنشن یافتگان سے موصول شدہ وظیفے کے تمام خطوط کی نقول جمع کروائیں جو یہ بتاتے ہوں کہ کتنی رقم وصول کی۔

**لائن 5 – امریکی پوسٹل سروس (USPS) معذوری کی پینشن یا معذوری کی زر تلافی کے وظائف**
اپنے اور گھرانے کے ان تمام افراد کے لیے تمام وظائف کی کل جملہ رقم درج کریں جنہوں نے امریکی پوسٹل سروس سے USPS وظائف وصول کیے۔ امریکی پوسٹل سروس سے موصول شدہ وظائف کے تمام خطوط کی نقول جمع کروائیں جو یہ بتاتے ہوں کہ کتنی وصولی کی ہے۔

**لائن 6 – اجرتیں/تنخواہیں/ٹپس**
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی وصول کردہ، اجرتوں، تنخواہوں، اور ٹپس کی کل رقم درج کریں۔ *W-2 خانہ 1، 1099-MISC خانہ 7، IRS فارم 1040، NYS فارم IT-201 سے رجوع کریں۔*

**لائن 7 – پینشن**
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے وصول کردہ پینشن کی کل رقم درج کریں۔

**لائن 8 – معذوری/کارکن کی اجرت کی ادائیگیاں**
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے وصول کردہ کارکن کی اجرت کی کل رقم درج کریں۔ اپنی درخواست کے ساتھ اپنے ایوارڈ لیٹر کی ایک نقل جمع کروائیں۔

**لائن 9 – قابل ٹیکس اور ناقابل ٹیکس سود**
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے وصول کردہ قابل ٹیکس اور ناقابل ٹیکس سود کی کل رقم درج کریں۔ *1099-INT خانہ 1، IRS فارم 1040، NYS فارم IT-201 سے رجوع کریں۔*

**لائن 10 – امداد عامہ نقد ایوارڈ**
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے وصول کردہ کسی نقد امداد کی کل جملہ رقم درج کریں۔ اپنی درخواست کے ساتھ نقد امداد وصول کرنے والے گھرانے کے تمام افراد کے لیے بجٹ کے خط کی نقول جمع کروائیں۔ SNAP/فوڈ اسٹیمپس آپ کے گھرانے کی آمدنی میں شامل نہیں کی جانی چاہیئیں۔

**لائن 11 – کاروباری آمدنی**
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے کاروباری ذرائع سے وصول کردہ خالص آمدنی درج کریں۔ *IRS فارم 1040، NYS فارم IT-201 سے رجوع کریں۔ کوئی خسارہ شامل نہ کریں۔* خالص کاروباری آمدنی سے مراد اخراجات نکال کر جملہ وصولیاں ہیں۔

**لائن 12 – سرمائے کے منافع جات**
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے وصول کردہ تمام سرمائے کے منافع جات کی کل رقم درج کریں۔ *IRS فارم 1040، NYS فارم IT-201 سے رجوع کریں۔ کوئی نقصان شامل نہ کریں۔*

**لائن 13 – IRA کی کمائیاں**
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے وصول کردہ IRA کی کمائیوں کی کل رقم درج کریں۔ اپنی سال کی اختتامی کمائیوں کی اسٹیٹمنٹ کی ایک کاپی منسلک کریں۔ *تقسیم کی کل رقوم شامل نہ کریں۔ IRA رول اوورز یا تبادلے شامل نہ کریں۔*

**لائن 14 – سالانہ وظائف کی کمائیاں**
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے وصول کردہ سالانہ وظائف کی کمائیوں کی کل رقم درج کریں۔ اپنی سال کی اختتامی کمائیوں کی اسٹیٹمنٹ کی ایک کاپی منسلک کریں۔ *تقسیم کی کل رقوم شامل نہ کریں۔*

**لائن 15 – دیگر تمام آمدنی**
وصول کردہ دیگر تمام آمدنی درج کریں۔ آمدنی کے دیگر ذرائع میں کرائے سے آمدنی، مکینوں سے وصول کردہ کرایہ، اسٹیٹس اور ٹرسٹس سے موصول شدہ آمدنی، نان نفقہ، بچے کے اخراجات کی ادائیگیاں، جوئے میں جیتی رقوم، قابل ٹیکس اور ناقابل ٹیکس منقسمہ جات، قرض کی منسوخی اور کرائے کے لیے اہل خانہ/دوستوں سے موصول شدہ مالی معاونت، شامل ہیں (لیکن یہ انہی تک محدود نہیں ہیں)۔

**لائن 16 – لائن 1 سے لائن 15 تک جمع کریں اور رقم درج کریں۔**

**قابل اطلاق کٹوتیاں**

**لائن 17 – وفاقی انکم ٹیکسز**
*(W-2 خانہ 2 اور فارم -1099وفاقی انکم ٹیکس ودہیلڈ خانہ یا فارم 1040)*

**لائن 18 – ریاستی انکم ٹیکسز**
*(W-2 خانہ 17، فارم -1099ریاستی ٹیکس ودہیلڈ خانہ یا فارم IT-201)*

**لائن 19 – مقامی انکم ٹیکسز**
*(W-2 خانہ 19؛ یا فارم IT-201)*

**لائن 20 – سوشل سیکیورٹی ٹیکسز**
*(W-2 خانہ 4)*

**لائن 21 – لائن 17 سے لائن 20 تک لائنز شامل کریں اور رقم درج کریں۔**

**گھرانے کی کل آمدنی**

**لائن 22 – لائن 16 سے لائن 21 نکال دیں اور رقم درج کریں۔**

براہ کرم مکمل کریں لیکن اپنی درخواست کے ساتھ جمع نہ کروائیں

# SCRIE/DRIE پری کوالیفائنگ انکم ورک شیٹ

| | موصول ہونے والی آمدنی کے ذرائع | درخواست دہندہ | گھر کا فرد #1 | گھر کا فرد #2 | کل |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سوشل سیکیورٹی وظائف (SSA)<br>*(SSA-1099 خانہ 5، IRS فارم 1040)* | $ | $ | $ | $ |
| 2 | سوشل سیکیورٹی معذوری کی انشورنس (SSDI)<br>*(SSDI وظیفے کی انشورنس)* | $ | $ | $ | $ |
| 3 | ضمنی سیکیورٹی انشورنس (SSI)<br>*(SSI وظیفے کی انشورنس)* | $ | $ | $ | $ |
| 4 | امور پینشن یافتگان (VA) معذوری کی پینشن یا معذوری کی زر تلافی کے وظائف<br>*(وظیفے کی سالانہ اسٹیٹمنٹ)* | $ | $ | $ | $ |
| 5 | امریکی پوسٹل سروس (USPS) معذوری کی پینشن یا معذوری کی زر تلافی کے وظائف<br>زر تلافی کے وظائف *(سالانہ وظیفے کی اسٹیٹمنٹ)* | $ | $ | $ | $ |
| 6 | اجرتیں/تنخواہیں/ٹپس<br>*(W-2 خانہ 1، 1099-MISC خانہ 7، IRS فارم 1040، NYS فارم IT-201)* | $ | $ | $ | $ |
| 7 | پینشن<br>*(1099R خانہ 1، پینشن اسٹیٹمنٹ سے کل سالانہ پینشن، IRS فارم 1040)* | $ | $ | $ | $ |
| 8 | معذوری/کارکن کی اجرت کی ادائیگیاں<br>*(ایوارڈ کا خط منسلک کریں)* | $ | $ | $ | $ |
| 9 | قابل ٹیکس اور ناقابل ٹیکس سود<br>*(1099-INT خانہ 1، IRS فارم 1040)* | $ | $ | $ | $ |
| 10 | امداد عامہ نقد ایوارڈ<br>*(PA بجٹ کا خط)* | $ | $ | $ | $ |
| 11 | کاروباری آمدنی<br>*(IRS فارم 1040 — کوئی خسارہ شامل نہ کریں، NYS فارم IT-201)* | $ | $ | $ | $ |
| 12 | سرمائے کے منافع جات<br>*(IRS فارم 1040، NYS فارم IT-201 — کوئی نقصان شامل نہ کریں)* | $ | $ | $ | $ |
| 13 | IRA کمائیاں<br>*(کمائی کی اختتامی سال کی اسٹیٹمنٹ—اپنی تقسیم کی رقم شامل نہ کریں)* | $ | $ | $ | $ |
| 14 | سالانہ وظائف کی کمائیاں<br>*(کمائیوں کی اختتامی سال کی اسٹیٹمنٹ—اپنی تقسیم کی رقم شامل نہ کریں)* | $ | $ | $ | $ |
| 15 | دیگر تمام آمدنی<br>*(آمدنی کے ذرائع کی فہرست کے لیے کثرت سے پوچھے گئے سوالات سے رجوع کریں)* | $ | $ | $ | $ |
| 16 | + **آمدنی کا حاصل کل (1 سے 15 تک لائنوں کو جمع کریں)** | $ | $ | $ | $ |
| | **قابل اطلاق کٹوتیاں** | | | | |
| 17 | وفاقی انکم ٹیکسز<br>*(W-2 خانہ 2 اور فارم 1099-وفاقی انکم ٹیکس ودہیلڈ خانہ یا فارم 1040)* | $ | $ | $ | $ |
| 18 | ریاستی انکم ٹیکسز<br>*(W-2 خانہ 17 اور فارم 1099-ریاستی ٹیکس ودہیلڈ خانہ یا فارم IT-201)* | $ | $ | $ | $ |
| 19 | مقامی انکم ٹیکسز<br>*(W-2 خانہ 19؛ یا فارم IT-201)* | $ | $ | $ | $ |
| 20 | سوشل سیکیورٹی ٹیکسز<br>*(W-2 خانہ 4)* | $ | $ | $ | $ |
| 21 | + **کٹوتی کا حاصل کل (17 سے 20 تک لائنوں کو جمع کریں)** | $ | $ | $ | $ |
| 22 | − **کل آمدنی (لائن 16 منفی لائن 21)** | $ | $ | $ | $ |

**آپ کی ماہانہ آمدنی کا 3/1 کتنا بنتا ہے؟**

| | |
|---|---|
| کل رقم **لائن 22 سے لیں:** اور اس رقم کو 36 پر تقسیم (÷) کریں = | $ |

کیا یہ رقم موجودہ کرائے سے زیادہ ہے جو آپ ادا کر رہے/رہی ہیں؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

**اگر ہاں، تو شاید آپ اہل نہ ہوں۔ تاہم، آپ درخواست پُر کرنا جاری رکھ سکتے/سکتی ہیں۔**
**اگر آپ کی درخواست مسترد کر دی جاتی ہے، تو آپ اگلے سال دوبارہ درخواست دے سکتے/سکتی ہیں**